حقوق یعنی ایک بندے پر اللہ کے دوسرے بندوں کے جو حقوق ہیں۔ ان کا ادا کرنا۔ اس میں مندرجہ ذیل حقوق کا ذکر ہے

پہلا حق:	رشتے داروں کے حقوق۔	دوسرا حق:	ہمسایوں کے حقوق۔
تیسرا حق:	یتیموں اور مسکینوں کے حقوق۔	چوتھا حق:	ملازمین کے حقوق۔
پانچواں حق:	حکمرانوں اور رعایا کا حق۔	چھٹا حق:	عام مسلمانوں کا حق۔
ساتواں حق:	غیر مسلموں کا حق۔	آٹھواں حق:	آجر اور مزدور کا حق۔

کتاب کی زبان نہایت سادہ، سلیس اور رواں ہے کتابت، طباعت و کاغذ نہایت معیاری ہے۔ اردو داں حضرات کیلئے گراں قدر علمی تحفہ ہے اور اس موضوع پر یہ کتاب لائق مطالعہ ہے۔

نام کتاب: حقوق الزوجین مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف۔ حفظہ اللہ صفحات: **(40)**

ناشر: دارالسلام: لاہور

اس کتاب میں مصنف۔ حفظہ اللہ۔ نے حقوق الزوجین کا ذکر قرآن وحدیث کی روشنی میں بہترین انداز میں بیان کیا ہے۔ کہ نبی کریم ﷺ کی بعثت کے وقت ساری دنیا اور خاص طور پر عرب میں عورتوں کی حالت انتہائی بدتر تھی۔ ایسے حالات میں نبی کریم ﷺ سراپا رحمت بن کر آئے۔ آپ ﷺ نے دنیا کو درس دیا کہ کس طرح ہمہ وقت مصروفیات کے باوجود ازدواجی زندگی خوش گوار بنائی جاسکتی ہے۔ اور کتاب کے آخر میں ازدواجی زندگی کو پر مسرت اور خوشگوار بنانے کیلئے چند نصیحتیں بیان کی گئی ہیں۔ کتابت، طباعت و کاغذ نہایت معیاری ہے۔ اس موضوع پر یہ کتاب لائق مطالعہ ہے اور خانگی زندگی کو خوشگوار بنانے میں یقیناً بہترین ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

نام کتاب: حقوق الاولاد مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف۔ حفظہ اللہ صفحات: **(68)**

ناشر: دارالسلام: لاہور

اس کتاب میں اولاد کے حقوق کے متعلق مکمل راہنمائی کی گئی ہے۔ جس طرح والدین کے اولاد پر حقوق ہیں اسی طرح اولاد کے کچھ حقوق والدین پر بھی ہیں جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (**لیس منامن لم یرحم صغیرنا و لم یوقر کبیرنا**) ''جو ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہ کرے اور بڑے کی عزت نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں''۔

اور کتاب کے اختتام پر قرآن وحدیث کی روشنی میں معاشرتی آداب کو بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ کرنے سے ہمیں اولاد کے حقوق کے حوالے سے مکمل راہنمائی ملے گی اور والدین کیلئے بہت مفید رہے گی۔ ان شاء اللہ۔